بمع وظائف

# درود شریف

مشہور درودوں کا

# مجموعہ

# درود ابراہیمی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ! درود نازل فرما (ہمارے آقا) حضرت محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ

اور (ہمارے آقا) حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جس طرح تو نے درود بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر بیشک تو خوبیوں سراہا اور بزرگ و برتر ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ! برکت نازل فرما (ہمارے آقا) حضرت محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر جس طرح تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اور ان کی آل پر بھی بیشک تو خوبیوں سراہا اور بزرگ و برتر ہے۔

**فضیلت:۔** جو مسلمان عرفہ کی شام موقف میں ٹھہرتا ہے، قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے، سو مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ پڑھتا ہے۔ پھر سو مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ الخ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے فرشتو! میرے اس بندے کی کیا جزا ہے جس نے میری تسبیح و تہلیل کی، میری عظمت و تعریف بیان کی، میری حمد و ثنا کی، میرے نبی پر درود بھیجا تم گواہ ہو جاؤ میں نے اسے بخش دیا، اس کی اس کے اپنے بارے، میں نے شفاعت قبول کر لی اگر یہ مجھ سے اہل موقف کی شفاعت کا سوال کرے تو اہل موقف کے بارے میں اس کی شفاعت قبول کر لوں گا۔ (القول البدیع، ص 397)

# درود تُنَجِّیْنَا

(دکھوں اور تکلیفوں سے نجات کا درود)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی ﷺ پر،

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی ﷺ کی آل پر، ایسا درود

تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَ

جس کی برکت سے تو ہمیں نجات دے ہر قسم کے ڈر، خوف اور

الْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ

آفات سے اور جس کی بدولت تو پوری فرما دے ہماری تمام حاجتیں

وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَ

اور پاک فرما دے ہم کو تمام گناہوں سے اور

تَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ أَعْلَى الدَّرَجَاتِ

جس کے وسیلہ سے ہمیں فائز فرمائے اپنی بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر

وَتُبَلِّغُنَا بِهَا أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ

اور جس کی برکت سے تو ہمیں پہنچا دے

جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ

خیرات و برکات کی انتہائی حدوں تک زندگی میں اور وصال کے بعد بھی

الْمَمَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ

بے شک تو قبول فرمانے والا ہے ہماری دعاؤں کو

وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِيَ

اور بلند کرنے والا ہے ہمارے درجات کو

الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا

اے حاجتوں کو پورا فرمانے والے اور مصیبتوں میں کام آنے والے

دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ

اور بلاؤں کو دور کرنے والے اور حل کرنے والے ہماری سخت مشکلات کو،

اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ يَا اِلٰهِيْ اِنَّكَ

میری مدد فرما! میری مدد فرما! میری مدد فرما! الٰہی! بیشک تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ہی ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ! درود بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر جو نبی امی ہیں

وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ○

اور آپ کی آل پر اور برکت اور سلامتی نازل فرما۔

**فضیلت:**۔ یہ درود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں حضرت شیخ صالح موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ کو ایسے وقت میں تلقین فرمایا جب ان کا جہاز طوفان میں گھرا تھا۔ شیخ صاحب خود فرماتے ہیں کہ جہاز ڈوبنے لگا۔ میں اس میں موجود تھا۔ اس وقت مجھ پر غنودگی سی طاری ہوئی۔ اس حالت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یہ درود سکھا کر حکم دیا کہ جہاز والے اس کو ہزار بار پڑھیں ابھی تین سو بار ہی پڑھا تھا کہ جہاز نے نجات پائی۔ جذب القلوب میں شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس درود کے پڑھنے سے سارے مقاصد دنیا و آخرت پورے ہوتے ہیں اور ساری مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔ (جذب القلوب، فارسی، مطبوعہ لکھنؤ، صفحہ 272)



# درود تاج

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا

الٰہی! ہمارے آقا و مولیٰ

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو صاحب تاج و معراج

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ

اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے وسیلے سے بلا،

وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ

وباء، قحط، مرض اور دکھ دور ہوتا ہے،

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

آپ کا نام نامی لکھا گیا، بلند کیا گیا، قبول شفاعت کیا گیا

مَّنْقُوْشٌ فِي اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ سَيِّدِ

اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے،

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ

آپ عرب و عجم کے سردار ہیں آپ کا جسم نہایت مقدس

مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِي الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ

خوشبودار، پاکیزہ اور خانہ کعبہ و حرمِ پاک میں منور ہے۔

شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِ الدُّجٰى صَدْرِ

آپ چاشت گاہ کے آفتاب، اندھیری رات کے ماہتاب،

الْعُلٰى نُوْرِ الْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى

بلندیوں کے صدر نشین، راہِ ہدایت کے نور، مخلوقات کی جائے پناہ

مِصْبَاحِ الظُّلَمِ جَمِيْلِ الشِّيَمِ شَفِيْعِ

اندھیروں کے چراغ، نیک اطوار کے مالک، امتوں کے بخشوانے والے،

الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَ الْکَرَمِ

بخشش و کرم سے موصوف ہیں،

وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ

اللہ آپؐ کا نگہبان، جبریل آپؐ کے خدمت گزار،

وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ

براق آپؐ کی سواری، معراج آپؐ کا سفر

وَفَوْقَ سِدْرَۃِ الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ

اور سدرۃ المنتہیٰ آپ کا مقام

وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ

اور (قربِ خداوندی میں) قاب قوسین کا مرتبہ آپؐ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی

مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَيِّدِ

آپؐ کا مقصود ہے اور مقصود آپؐ کو حاصل ہے۔

الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ شَفِيْعِ

آپؐ رسولوں کے سردار، نبیوں میں سب سے پیچھے آنے والے، بخشوانے والے

الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ

گنہگاروں کے، مسافروں کے غمخوار،

رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ

دنیا جہان کے لیے رحمت، عاشقوں کی راحت،

مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ

مشاقوں کی مراد، خدا شناسوں کے آفتاب،

سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ

راہِ خدا پر چلنے والوں کے چراغ، مقربوں کے راہنما،

مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ

محتاجوں غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے،

سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ

جن و انس کے سردار، حرمین کے نبی،

الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ

دونوں قبلوں (بیت المقدس وکعبہ) کے پیشوا اور دنیا و آخرت میں ہمارے وسیلہ ہیں۔

صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ

وہ جو مرتبۂ قاب قوسین پر فائز ہیں،

الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ

دو مشرقوں اور دو مغربوں کے رب کے محبوب ہیں، حضرت امام حسنؑ

وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ

اور حضرت امام حسینؑ کے جد امجد اور ہمارے اور (تمام) جن و انس کے آقا ہیں

اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ نُوْرٍ

یعنی ابی القاسم محمد بن عبد اللہ جو اللہ کے نور میں سے

مِّنْ نُّوْرِ اللّٰہِ یٰۤاَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ

ایک نور ہیں۔ اے نور جمالِ محمدی کے مشتاقو!

بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَ

آپؐ پر اور آپؐ کی آل پر اور آپؐ کے صحابہؓ پر،

اَصْحَابِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

درود وسلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے۔

**فضیلت:۔** خشوع وخضوع، انہماک وتوجہ اور پیار ومحبت کے ساتھ کثرت سے درود وسلام پڑھو درود تاج حب نبی ﷺ کے لیے اکسیر ہے۔ آرزومند کو چاہیے کہ عروج ماہ شب جمعہ بعد از نماز عشاء پاک وصاف لباس پہن کر اس درود کو باوضو 170 بار پڑھ کر سو جائے اور گیارہ شب میں عمل کرے، ان شاء اللہ حضور ﷺ کی زیارت سے شرف یاب ہوگا۔ افلاس، رنج، ظالم کے ظلم، دشمنوں کے شر دور کرنے اور فراخی رزق کے لیے اس کا ایک چلہ شب کے وقت اکتالیس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

# درودِ ماہی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر،

خَیْرِ الْخَلَآئِقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِیْعِ

جو مخلوق میں سے سب سے بہتر اور افضل البشر ہیں اور شفاعت فرمانے والے ہیں

الْاُمَمِ یَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ وَصَلِّ

روز قیامت امتوں کی اور درود نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر، اور آلِ محمد ﷺ پر،

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ

اپنی معلومات کے برابر

لَّكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور درود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

اور ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اور برکت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اور درود بھیج تمام نبیوں اور رسولوں پر

وَصَلِّ عَلٰى كُلِّ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ

اور درود بھیج تمام مقرب فرشتوں پر

وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ وَسَلِّمْ

اور اللہ کے تمام صالح بندوں پر اور سلامتی نازل فرما

تَسۡلِيۡمًا كَثِيۡرًا كَثِيۡرًا بِرَحۡمَتِكَ

بے حد و حساب اپنی رحمت سے

وَبِفَضۡلِكَ وَبِكَرَمِكَ يَآ اَكۡرَمَ

اور اپنے فضل و کرم سے یا اکرم

الۡاَكۡرَمِيۡنَ يَآ اَرۡحَمَ الرّٰحِمِيۡنَ

الاکرمین! (سب سے زیادہ کرم فرمانے والے) یاارحم الراحمین (سب سے زیادہ رحم فرمانے والے)۔

يَا قَدِيۡمُ يَا دَآئِمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوۡمُ يَا

یاقدیم (قدیم) یادائم (ابدی) یاحی (زندہ) یاقیوم (دوسروں کو زندہ رکھنے والا)

وِتۡرُ يَآ اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنۡ لَّمۡ يَلِدۡ

یاوتر (لاشریک) یااحد (یکتا) یاصمد (بے نیاز)، اے وہ ذات جس نے نہ کسی کو جنا

وَلَمۡ يُوۡلَدۡ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

اور نہ وہ جنا گیا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ○

یا ارحم الراحمین اپنی رحمت سے (ہمارے درود و سلام کو قبول فرما)

**فضیلت:۔** درودِ ماہی کا ورد ہر قسم کے مصائب و آفات، حاسدین، معاندین، جنات اور شیاطین کے شر سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کا ہر روز ورد نارِ جہنم سے محفوظ رہنے کا وسیلہ ہے۔

---

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلِحَقِّهٖ اَدَآءً○

"اے اللہ! درود و سلام بھیج اور برکت نازل فرما ہمارے آقا جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ایسا درود جو تیری خوشنودی اور ان کے حق کی ادائیگی کا باعث ہو۔

**فضیلت:** جو شخص اس درود شریف کو دن میں (33) مرتبہ محبت اور حضورِ دل کے ساتھ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی قبر اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے درمیان سے حجابات دور فرما دے گا۔ (سعادۃ دارین)

# درودِ ہزارہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ


اے اللہ! درود نازل فرما (ہمارے آقا) حضرت محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پاک پر،

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ

ذرات کی تعداد کے برابر کروڑہا بار

اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ○

اور برکت اور سلام بھیج



# درودِ غوثیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا


اے اللہ! درود و سلام نازل فرما! ہمارے سردار اور ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَاٰلِهٖ

محمد مصطفیٰ ﷺ پر جو جود و عطا کے مخزن ہیں،

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

اور آپ کی آل اور تمام اصحاب پر



# درودِ شفا

درودِ شفا گیارہ مرتبہ پڑھ کر جس مریض پر بھی دم کریں، شفاء ہوگی۔ ان شاءاللہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ! (ہمیشہ) نازل فرما درود و سلام اور برکتیں

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ

ہمارے آقا و مولا حضرت محمد (مصطفیٰ) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو دلوں کے طبیب

الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ

اور ان کی دوا ہیں اور جسموں کی عافیت

وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا

اور ان کی شفا ہیں اور آنکھوں کا نور اور ان کی چمک ہیں

# وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ دَآئِمًا اَبَدًا

اور آپ کی آل اور اصحاب پر ہمیشہ (درود و سلام بھیج)

**فضیلت:۔** باوضو مریض کو لکھ کر دیں کہ زبان سے چاٹ لے یا پانی میں گھول کر پلا دیں۔ شفا ہونے تک یہ عمل برابر کرتے رہیں باذن اللہ موت کے سوا ہر مرض کے لیے مفید ہے۔ (اعمال رضا)

یہ بھی کہا گیا ہے کہ کسی بھی بیماری کی صورت میں دو ہزار بار اور ایک روایت کے مطابق چار سو بار پڑھے اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ ان شاء اللہ بدنوں کی صحت وشفاء کے لیے یہ مجرب ہے۔



# درودِ خضری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اللہ تعالیٰ درود و سلام نازل فرمائے اپنے حبیب، ہمارے آقا و مولا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ۝

اور آپ کی آل پاک اور تمام اصحاب پر۔

**فضیلت:** یہ درود پاک تمام درودوں میں اسم اعظم کا درجہ رکھتا ہے اور بارگاہ رسالت کا پسندیدہ ہے اس درود شریف پڑھنے والے کی تربیت روح القدس سے ہوتی ہے یا اسے حضرت خضر کی تربیت میں دے دیا جاتا ہے اس وجہ سے اسے درود خضری کہتے ہیں۔

# درود غزنوی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر

مَّا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ

جب تک دن رات کا تسلسل قائم رہے اور بدلتے رہیں زمانے کے اوقات

الْعَصَرَانِ وَتَكَرَّرَ الْجَدِیْدَانِ وَاسْتَقَلَّ

اور جب تک سلسلہ جاری رہے سورج اور چاند کے طلوع وغروب کا اور طلوع ہوتے رہیں

الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَاَرْوَاحَ

قطب شمالی کے دونوں ستارے پہنچا دے حضور ﷺ کی روح مبارک اور

اَهۡلِ بَيۡتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَ السَّلَامَ وَ

اہلِ بیت اطہار کی ارواح تک ہمارے درود و سلام (کا نذرانہ) اور

بَارِكۡ وَسَلِّمۡ عَلَيۡهِ كَثِيۡرًا ۝

برکتیں اور سلامتی نازل فرما ان پر، بے حد و حساب۔

**فضیلت:۔** اِس درودِ پاک کو ایک مرتبہ پڑھنے سے دس ہزار دفعہ درود شریف پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ یہ درودِ پاک سلطان محمود غزنوی کے معمولات میں سے ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ "میں رات کو سوتے وقت اور صبح بیدار ہوتے ہوئے تین تین مرتبہ درودِ پاک پڑھتا ہوں اور یہ یقین رکھتا ہوں کہ مجھے ساٹھ ہزار مرتبہ درودِ پاک پڑھنے کا ثواب ملتا ہے"۔

سلطان محمود غزنوی کے اِس یقین کو صحت خود بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عطا ہوئی اور آقا و مولا علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام نے اپنی بارگاہ میں اِس درودِ پاک کے قبول ہونے کی سند بذاتِ خود بادشاہ کو عنایت فرمائی۔ اسی مقبولیت اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی

خصوصی شفقت اور مہربانی کا اثر تھا کہ اگر سلطان محمود کو کوئی ذہنی الجھن بھی پیش آتی تو مہربان رؤف و رحیم آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام خواب میں تشریف لا کر اس کا ازالہ فرما دیتے۔

(تفسیر روح البیان، جلد 7، صفحہ 234)

## درودِ جمعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ

اے اللہ! ہمارے آقا و مولا اور اپنے دانا و بصیر امی نبی

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ○

اور ان کی آل پاک پر بے حد و حساب، بار بار اور بہترین درود و سلام نازل فرما۔

نوٹ:۔ بعض روایات میں درود جمعہ ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ○

فضیلت:۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''القول البدیع'' میں اس حدیث کو متعدد روایات سے نقل کیا ہے۔ صاحب اتحاف نے بھی شرح احیاء میں اس حدیث کو مختلف طرق سے نقل کیا ہے۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے شرح الشفاء میں جامع صغیر کے حوالے سے بروایت طبرانی و دارِ قطنی اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی نقل کی جاتی ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں یہ نقل کیا گیا کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے اسّی (۸۰) مرتبہ یہ (مندرجہ بالا) درود شریف پڑھے اس کے اسّی سال کے گناہ معاف ہوں گے اور اسّی سال کی عبادت کا ثواب اس کے لیے لکھا جائے گا۔

(''فضائل درود شریف''، شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا، صفحہ 48)

# درود کمالیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی

اے اللہ! ان گنت صلاۃ و سلام اور برکات نازل فرما،

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ كَمَالِ

ہمارے آقا و مولا محمد مصطفیٰ ﷺ اور ان کی آل پاک پر

اللّٰهِ وَكَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ ○

جو نبوی کمال کے شایانِ شان ہو۔

**فضیلت:**۔ اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار درود پاک کا ثواب ملتا ہے۔ (افضل الصلوات علی سید السادات)

# درودِ اسم اعظم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَا

اللہ تعالیٰ جو محمد ﷺ کا رب ہے درود و سلام نازل فرمائے آپ پر۔

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَا

ہم (اپنے آقا) محمد ﷺ کے غلام ہیں۔ آپ پر درود و سلام نازل ہوں۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ○

"سلام ہو آپ پر اے کملی اوڑھنے والے! اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں" (اوائل الخیرات)

# حضرت علی رضی اللہ عنہ کا درود شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْۢبِیَآئِہٖ

درود نازل ہوں اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں اور اس کے انبیاء

وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور اس کے رسولوں اور اس کی ساری مخلوق کے، ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلَیْہِ وَعَلَیْھِمُ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل پاک پر نیز آپ پر اور آپ کی آل پر

السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ○

سلام اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

# درود
# حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ رُّوْحُهٗ مِحْرَابُ

اے اللہ! درود بھیج اس ذات اقدس پر جن کی روح محراب ہے

الْاَرْوَاحِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكَوْنِ ○

روحوں کی اور فرشتوں کی اور ساری کائنات کی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ

اے اللہ! درود نازل فرما اس پاک ذات پر جو امام ہیں

الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ

تمام انبیاء اور رسولوں کے۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی مَنْ ھُوَ اِمَامُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ

درود بھیج اس عظیم ذات پر جو امام ہیں اہل جنت کے،

عِبَادِ اللّٰہِ الْمُؤْمِنِیْنَ ○

یعنی اللہ کے مومن بندوں کے۔

**فضیلت:** صاحب ابریز فرماتے ہیں کہ میرے شیخ غوث زماں سیدی عبدالعزیز الدباغ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اولیاء اللہ کے دربار میں تشریف لائے تو سرکار کے ہمراہ خلفائے راشدین حسنین کریمین اور سیدہ خاتون جنت رضی اللہ عنہم بھی تھیں سیدہ فاطمۃ الزہراء سرکار کے بائیں طرف تشریف فرما تھیں اور خواتین کی قیادت فرما رہی تھیں سیدی عبدالعزیز فرماتے ہیں کہ میں نے سیدہ کو ایک رات اپنے والد بزرگوار پر (مذکورہ بالا) درود پڑھتے سنا۔

(سعادت دارین)

# درود مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ! درود و سلام اور برکتیں نازل فرما

حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ

اپنے برگزیدہ محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پاک پر۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ طٰهٰ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ○

”سلام ہو آپ پر اے طٰہٰ! اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں“ (اوائل الخیرات)

# درودِ جمالی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! ہمارے آقا و مولا حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر

وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ ۝

اور آپ کی آل پاک پر ایسا درود نازل فرما جو ان کے حسن و جمال کے شایانِ شان ہو

سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ الْاَحَدُ الصَّمَدُ صَلِّ وَسَلِّمْ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ ۝

اے اللہ! تیری ذات پاک ہے تو یکتا ہے بے نیاز ہے درود و سلام بھیج

ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آپ کی آل پر۔ (اوائل الخیرات)

# درود حضرت موسیٰ علیہ السلام

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ

جو سب نبیوں سے آخر میں تشریف لانے والے اور اسرار کی کان ہیں۔

وَمَنْبَعِ الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْكَوْنَيْنِ

انوار کا منبع اور دونوں جہاں کا حسن ہیں،

وَشَرَفِ الدَّارَيْنِ وَسَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ

اور دونوں جہانوں کی عزت و آبرو اور جنوں اور انسانوں کے سردار ہیں،

# الْمَخْصُوْصِ بِقَابَ قَوْسَيْنِ ○

اور مقامِ قاب قوسین جن کے لیے خاص ہے۔

**فضیلت:۔** شیخ عبدالہاروشی نے اپنی کتاب ''کنوز الاسرار'' میں اس درود پاک کی شرح کرتے ہوئے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام نے جب امت محمدیہ پر اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم کو دیکھا تو بارگاہ خداوندی میں عرض کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی ان میں شامل فرما دے اس پر اللہ نے انہیں حکم دیا کہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجیں تو انہوں نے ان الفاظ کے ساتھ درود شریف پڑھا، پس بلاشبہ یہ کامل درودوں میں سے ہے۔ (سعادت دارین)



# درودِ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

درود نازل فرمائے اللہ تعالیٰ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جتنی تعداد میں

مَاذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَعَدَدَ مَاغَفَلَ

آپ کا ذکر کرتے ہیں ذکر کرنے والے اور جتنی تعداد میں غافل

عَنْ ذِكْرِهِ الْغٰفِلُوْنَ ○

آپ کے ذکر سے غافل ہیں۔


**فضیلت:۔** حضرت عبداللہ بن حکم کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا۔ پوچھا فرمایئے اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ آپ نے فرمایا:۔

رَحِمَنِیْ وَغَفَرَلِیْ وَزَفَّنِیْ اِلَی الْجَنَّةِ کَمَا تُزَفُّ الْعُرُوْسُ وَنُثِرَ عَلَیَّ کَمَا یُنْثَرُ عَلَی الْعُرُوْسِ

"میرے رب نے مجھ پر رحم فرمایا۔ مجھے بخش دیا، مجھے دلہن کی طرح آراستہ کر کے جنت میں بھیجا گیا اور مجھ پر جنت کے پھول نچھاور کیے گئے جس طرح دلہن پر درہم و دینار نچھاور کیے جاتے ہیں"۔

میں نے اس عزت افزائی کی وجہ پوچھی تو بتایا گیا کہ اپنی کتاب "الرسالہ" میں حضور ﷺ پر میں نے جو درود لکھا ہے، اس کا یہ اجر ہے۔ عبداللہ بن حکم کہتے ہیں میں نے امام صاحب سے پوچھا۔ وہ خاص درود شریف کیا ہے؟ آپ نے بتایا کہ میں نے وہاں یہ (مندرجہ بالا) درود شریف لکھا ہے میں بیدار ہوا اور کتاب الرسالہ کو کھولا تو وہاں بعینہٖ اسی طرح درود شریف لکھا ہوا تھا۔

("ضیاء النبی ﷺ" جلد 5، صفحہ 920)



# درود برائے مغفرت

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اے اللہ! درود نازل فرما اور برکتیں ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ ○

ومولا حضرت محمد (مصطفیٰ) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل پر اور سلام نازل فرما۔

**فضیلت:۔** حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص یہ درود پاک پڑھے اگر کھڑا تھا تو بیٹھنے سے پہلے اور اگر بیٹھا تھا تو کھڑے ہونے سے پہلے اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ (افضل الصلوات علی سید السادات)

# شفاعت کو واجب کرنے والا درود

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ

اے اللہ! جو تیرے پاس مقام محمود ہے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو عطا فرما،

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

قیامت کے دن

**فضیلت:۔** حضرت رویفع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے مجھ پر درود (مذکورہ بالا) بھیجا تو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوئی۔

(مشکوٰۃ)

# بارگاہ رسالت مآب ﷺ کا مقبول درود

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

اے اللہ! درود بھیج محمد ﷺ نبی امی پر

وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ جَزَى اللّٰهُ مُحَمَّدًا

اور آپ کی آل پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا هُوَ

ایسی جزا دے جس کے

اَهْلُهٗ ○

وہ اہل ہیں۔

# درودِ قرآنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر،

وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ

اور آپ کی آل پاک اور صحابہ کرام پر، اتنی تعداد میں

الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ

جتنے قرآن پاک میں حروف ہیں

حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ۝

ہر حرف کے بدلے ہزار ہزار بار۔

فضیلت :۔ قرآن مجید کی تلاوت کے بعد جو شخص اس درود پاک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں سرخرو فرمائے گا۔

# درود حصولِ رحمت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمْ

اے اللہ! کبھی بھی ختم نہ ہونے والا درود اور سرمدی سلام نازل فرما،

سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ وَنَبِیِّكَ

اپنے محبوب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پاک اور تمام اصحاب پر۔

وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

# درود اوّل و آخر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ اَكْرَمِ الْاَوَّلِيْنَ

درود بھیجے اللہ تعالیٰ اپنے پیارے حبیب پر جو سب سے افضل ہیں اگلے

وَالْاٰخِرِيْنَ وَعَلٰىٓ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

اور پچھلے لوگوں میں سے اور آپ کی آل و اصحاب پر بھی

وَبَارَكَ وَسَلَّمَ ۝

اور (اللہ تعالیٰ) برکت اور سلام نازل فرمائے۔

درود شریف برائے

# کشادگیِ رزق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود نازل فرما! ہمارے آقا و مولا حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر

عَبۡدِكَ وَرَسُوۡلِكَ وَصَلِّ عَلَى

جو تیرے خاص بندے اور عظیم رسول ہیں اور رحمتیں بھیج

الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ وَالۡمُسۡلِمِیۡنَ

تمام مومن مردوں اور عورتوں پر اور تمام مسلمان مردوں

وَالۡمُسۡلِمٰتِ ۝

اور عورتوں پر۔

فضیلت :۔ علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص اس درود پاک کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں خیر و برکت عطا فرمائے گا۔ (روح البیان)

# درود نعمت عظمیٰ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود و سلام اور برکات نازل فرما، ہمارے آقا و مولا حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پاک پر

اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

اور ہمارے سردار محمد ﷺ کے تمام اصحاب پر اور برکت نازل فرما

وَسَلِّمْ ○

اور سلام بھیج۔

## درود مستجاب الدعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ

درود و سلام نازل فرمائے اللہ تعالیٰ اس نبی کریم و امی پر

وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ○

اور ان کی ساری اولاد پاک اور تمام اصحاب پر بھی نازل فرمائے۔

# جنات سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ! درود نازل فرما! ہمارے آقا و مالک، نبی کریم جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر،

النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

جو بھیجے گئے ہیں رسول بنا کر تمام جنوں، انسانوں

وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج

اور سرخ و سیاہ مخلوق کی طرف۔ اے محبوب! ”اللہ آپ کے لیے کافی ہوگا

وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یَاطٰہٰ صَلَّی

بے شک وہی سننے اور جاننے والا ہے“۔ یا طٰہٰ! درود نازل فرمائے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ○

اللہ تعالیٰ آپ پر اور سلام۔

# درود برائے دیدار سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ! درود و سلام اور برکات نازل فرما

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

ہمارے آقا و مولا عالی پایہ محبوب

الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ

(اور) گرامی مرتبت نبی امی پر

الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

اور آپ کی آل اور اصحاب پر

# وَسَلِّمْ ○

سلام بھیج

**فضیلت:۔** مروی ہے کہ جو شخص ہر جمعہ کی رات اس درود پاک کو باقاعدگی سے کم از کم ایک مرتبہ پڑھے گا موت کے وقت مصطفیٰ کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی اور قبر میں داخل ہوتے وقت وہ دیکھے گا کہ حضور نبی کریم ﷺ خود اپنے دست اقدس سے اسے قبر میں اتار رہے ہیں۔ (افضل الصلوات علی سید السادات)

---

## اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَرْوَاحِ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ

"اے اللہ! درود اور سلام بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ کی روح مبارک پر جو تمام روحوں کی سردار ہے اور آپ کی آل پر بھی بھیج۔"

**فضیلت:۔** عظیم محدث حافظ دمیاطی رحمۃ اللہ علیہ نے عمل الیوم واللیلہ میں ذکر کیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص یہ کہے **اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَرْوَاحِ** وہ خواب میں میری زیارت سے مشرف ہوگا۔ (اوائل الخیرات)

# درود برائے حل المشکلات

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ! درود و سلام اور برکات نازل فرما،

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ

ہمارے آقا و مولا حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر۔ میری سب تدبیریں ناکام ہوگئی ہیں

اَدْرِکْنِیْ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ○

یا سیدی یا رسول اللہ! میری مدد فرمایئے

تجھ پہ درود اور سلام، تجھ پہ سلام اور درود

صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

فضیلت :۔ سید ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسے ایک بہت بڑے فتنے میں جو دمشق میں واقع ہوا تھا ابھی دو سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ کسی شخص نے مجھے اطلاع دی کہ فتنہ ختم ہو گیا ہے۔

(افضل الصلوات علی سید السادات)

## درود برائے شفاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! درود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد (مصطفیٰ) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقامِ قرب (محمود) پر فائز فرما اپنے حضور میں،

# يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝

بروزِ قیامت۔

**فضیلت:۔** حضور نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ان (مندرجہ بالا) کلمات کے ساتھ درود شریف پڑھے اس کے لیے میری شفاعت لازم ہوگی۔

(مسند امام احمد، ج 4، ص 108 بحوالہ جلاء الافہام، ص 82)

## نیکیوں کی بہار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

# جَزَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَنَّا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا

اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے بہترین جزا عطا فرمائے ہمارے آقا و مولا

مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا

حضور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو

هُوَ اَهْلُهٗ ○

ان کی قدر و منزلت کے مطابق ہو۔

**فضیلت:۔** حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو شخص یہ درود پڑھے اس کے لیے ستر ہزار فرشتے ہزار دن تک استغفار کرتے ہیں۔

(سعادۃ الدرین، صفحہ 232)

---

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ ○

''اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نور پر اور آپ کی آل پاک پر بھی''

(اوائل الخیرات)

# گیارہ ہزار درود کے برابر ثواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ**

اے اللہ! درود نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد (مصطفیٰ) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

**وَّعَلٰی اٰلِہٖ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَّھُوَ**

اور آپ کی آل پر ایسا درود جو تیری شان کے لائق ہو

**لَھَا اَھْلٌ ○**

اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شایانِ شان بھی ہو۔

فضیلت :۔ حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔

(افضل الصلوات علی سید السادات)

# ساری مخلوق کے برابر عمل کا ثواب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَدَدَ

اے اللہ! ہمارے نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتنا درود بھیج

مَنۡ صَلّٰی عَلَیۡہِ مِنۡ خَلۡقِكَ وَصَلِّ

جتنا تیری ساری مخلوق ان پر درود بھیجتی ہے اور درود بھیج

عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ کَمَا یَنۡبَغِیۡ لَنَا اَنۡ

نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسے احترام کے ساتھ ہمیں پیش کرنا چاہیے اور

نُصَلِّیَ عَلَیۡہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ

درود بھیج نبی اکرم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جیسے

# كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ○

تو نے ہمیں پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔

**فضیلت:۔** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا، اچانک ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوا اور سلام عرض کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو سلام کا جواب دیا، اور آپ کا چہرۂ انور (خوشی سے) دمک اٹھا، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو اپنے پہلو میں بٹھایا، جب وہ (جس کام کے واسطے آئے تھے) اپنا کام پورا کر چکے اور (جانے کے لیے) اٹھے (جب کچھ دور چلے گئے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مجھ سے) فرمایا، اے ابوبکر یہ ایسا شخص ہے کہ روزانہ (تمام روئے زمین کے رہنے والوں کے برابر اس (اکیلے) کے عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں پہنچائے جاتے ہیں۔ (حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میں نے عرض کیا (یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم) یہ (اتنا ثواب اس کو روزانہ) کیوں (ملتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے) فرمایا کہ یہ جب صبح اٹھتا ہے تو مجھ پر دس مرتبہ (ایسا) درود شریف پڑھتا ہے جو (اپنے ثواب میں) ساری مخلوق کے درودوں کے برابر ہے، میں نے عرض کیا (یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم) وہ کونسا درود ہے؟ آپ نے فرمایا کہ (وہ) یہ درود (مندرجہ بالا) پڑھتا ہے۔ (''کنز العمال''، جلد 2، ص 266، حدیث نمبر 3981)

# منہ کی بدبو زائل کرنے کا نسخہ کیمیا


بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ الطَّاهِرِ

اے اللہ! درود وسلام نازل فرما (ہمارے آقا اور) اپنے نبی مقدس پر

فضیلت :۔ جو اس درود شریف کو بکثرت پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ظاہری وباطنی طہارت وپاکیزگی مرحمت فرمائے گا اور اس کے منہ کی بدبو بھی زائل ہوگی۔ ان شاء اللہ (سعادۃ دارین)



# ناحق چوری کے الزام سے بچنے کا درود

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی

اے اللہ! درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر حتیٰ کہ

مِنْ صَلَاتِكَ شَيْءٌ وَّسَلِّمْ عَلٰی

تیری رحمت سے کوئی چیز باقی نہ رہے اور (اے اللہ!) سلامتی بھیج

مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِكَ

حضرت محمد ﷺ پر حتیٰ کہ تیرے سلام سے کوئی چیز

شَيْءٌ وَّبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی

باقی نہ رہے اور برکت نازل فرما محمد ﷺ پر حتیٰ کہ تیری

# مِنۡ بَرَکَاتِکَ شَیۡءٌ ○

برکتوں سے کوئی چیز باقی نہ رہے۔

**فضیلت:۔** حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ کچھ لوگ ایک شخص کو حضور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں لائے اور اس کے خلاف اونٹنی کی چوری کی گواہی دی جرم ثابت ہونے پر جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ہاتھ کاٹنے کا حکم ارشاد فرمایا تو اس نے یہ (مذکورہ بالا) درود پڑھنا شروع کر دیا، اونٹنی بول اٹھی کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم! یہ شخص مجھے چوری کرنے سے بری ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اسے میرے پاس لاؤ جب وہ حاضر خدمت ہوا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے پوچھا تو نے واپس جاتے ہوئے کیا پڑھا اس نے جو پڑھا تھا عرض کر دیا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے دیکھا کہ مدینہ کی گلیاں فرشتے گھیرے ہوئے ہیں یہاں تک کہ وہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو جاتے پھر فرمایا تو پل صراط پر اترے گا جب کہ تیرا چہرہ چودھویں کے چاند سے زیادہ روشن ہوگا۔ (القول البدیع)

# دین و دنیا کی نعمتوں کے حصول کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ! درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ اِنْعَامِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پاک پر اللہ تعالیٰ کے انعامات

اللّٰهِ وَاِفْضَالِهٖ ○

اور فضل کے برابر۔

**فضیلت:۔** یہ درود پاک دنیوی واخروی نعمتوں کے حصول کا باعث ہے۔ (افضل الصلوات علی سید السادات)

# یادداشت کو مضبوط کرنے کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی

اے اللہ! درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْکَامِلِ وَ

ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو نبی کامل ہیں اور

عَلٰٓی اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ

آپ کی آل پاک پر اس طرح جس طرح تیرے کمالات بے حد و بے شمار ہیں

وَعَدَدَ كَمَالِهٖ ○

اور اپنے کمالات کی تعداد کے برابر

**فضیلت:۔** اگر کوئی شخص نسیان (بھول جانا) کے مرض میں مبتلا ہو تو مغرب اور عشاء کے درمیان اس درود پاک کو کثرت سے پڑھے اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

(افضل الصلوات علی سید السادات)

## آب کوثر سے بھرا ہوا جام پینے کے لیے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ

اے اللہ! درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل،

وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ

آپ کے صحابہ، آپ کی اولاد، آپ کی ازواج،

وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ

آپ کی ذریت، آپ کے گھرانے، آپ کے سسرال،

وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهٖ

آپ کے اعوان و مددگار، آپ سے محبت کرنے والوں،

وَاُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ

آپ کی امت پر اور ان کے ساتھ ہم سب پر بھی

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے

**فضیلت:۔** حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حوض کوثر سے بھرا ہوا جام پینا چاہے اسے یہ درود پڑھنا چاہیے۔



# اولین و آخرین کا درود

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ

اے اللہ! درود بھیج اگلوں میں ہمارے سردار محمد ﷺ پر

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ وَصَلِّ

اور درود بھیج پچھلوں میں ہمارے سردار محمد ﷺ پر، اور درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيْنَ وَصَلِّ عَلٰى

نبیوں میں ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور درود بھیج

مُحَمَّدٍ فِى الْمُرْسَلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى

رسولوں میں ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور درود بھیج

مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَأِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

ملاء اعلیٰ میں ہمارے سردار محمد ﷺ پر روز جزا کے دن تک۔

فضیلت :۔ سعید بن عطارد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص یہ درود پاک صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھے گا، اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور خطائیں معاف کردی جائیں گی نیز وہ خوش و خرم رہے گا، دعائیں مستجاب ہوں گی، مقصد میں کامیابی ہوگی اور دشمن کے خلاف اللہ تعالیٰ کی نصرت اور اعانت حاصل ہوگی۔ (سعادت دارین)

## رحمت کے ستر دروازے کھلوانے کا درود

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ ○

درود بھیجے اللہ محمد ﷺ پر۔

فضیلت :۔ جو خوش نصیب یہ درود پاک پڑھتا ہے اس پر رحمت کے ستر دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ (القول البدیع)

# دکھوں اور تکلیفوں سے نجات کا درود

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ! درود و سلام بھیج ہمارے آقا و مولیٰ

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تَحِلُّ بِهَا

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، ایسا درود جس سے میری

عُقْدَتِيْ وَتُفَرَّجُ بِهَا كُرْبَتِيْ وَ

عقدہ کشائی ہو۔ میری تکلیف دور ہو اور

تُنْقِذُنِیْ بِهَا مِنْ وَّحْلَتِیْ وَتُقْبِلُ

جس کے ذریعہ تو مجھے خوف و الم سے بچائے،

بِهَا عَثْرَتِیْ وَتَقْضِیْ بِهَا حَاجَتِیْ ۝

میری لغزش معاف فرمائے اور میری حاجت پوری فرمائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمد ﷺ پر

الْحَبِیْبِ الْمَحْبُوْبِ شَافِی الْعِلَلِ

جو حبیب و محبوب ہیں۔ بیماریوں سے شفا بخشنے والے

وَمُفَرِّجِ الْكُرُوْبِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

اور تکلیفیں دور فرمانے والے ہیں اور آپ ﷺ کی آل وصحابہ کرام پر

وَسَلِّمْ ۝

اور سلام بھیج۔

فضیلت:۔ یہ درود پاک شیخ دیربی رحمۃ اللہ علیہ کے مجربات سے ہے۔ فرماتے ہیں: اگر کسی کو کوئی حاجت ہو یا رنج والم کا شکار ہو وہ آدھی رات کو اٹھے، وضو کر کے دو نفل ادا کرے اور جس قدر ممکن ہو قرآن پاک کی تلاوت کرے سلام کے بعد قبلہ رو ہو کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک ہزار مرتبہ (مذکورہ بالا) درود پڑھے اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکلات آسان فرمائے گا اور حاجت پوری ہوگی۔ (سعادت دارین)

نیز یہ درود شریف دکھوں اور تکلیفوں سے نجات کے لیے بھی مجرب ہے۔ (سعادت دارین)

## دس ہزار درود پاک کا ثواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

الٰہی! درود و سلام بھیج اور برکت نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ كَمَالًا

ہمارے آقا محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پاک پر جیسے

نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ ○

تیرے کمال کی حد نہیں اور ان کے کمال کے برابر۔

فضیلت:۔ شیخ شریف حسن ابوعبداللہ محمد بن علی المعروف بہ ابن بسون رضی اللہ عنہ کے متعلق مشہور ہے کہ انہوں نے خواب میں رسول اکرم ﷺ کی زیارت کی اور آپ ﷺ نے انہیں مذکورہ بالا درود شریف بتایا اور ارشاد فرمایا کہ یہ درود شریف دس ہزار کے برابر ہے۔ عارف باللہ مولانا عبداللہ بن علی طاہر حسنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے اس سلسلہ میں شک گزرا، پھر مجھے خواب میں نبی اکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی تو میں نے آپ ﷺ سے مذکورہ تعداد کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا ایسا ہی ہے سیدی علی سموکی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جس نے یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھا اسے پانچ لاکھ کے برابر ثواب ملے گا اور یہ اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا فدیہ ہوگا۔ (سعادت دارین)

# آشوب چشم اور نزع کی تکلیف سے نجات کا درود

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

الٰہی! درود بھیج ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

النُّوْرِ الْكَامِلِ وَعَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ

جو نورِ کامل ہیں اور ہمارے سردار جبریل علیہ السلام پر

الْمُطَوَّقِ بِالنُّوْرِ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

جن کو نور سے طاقت دی گئی جو رب العالمین کے فرستادہ ہیں

يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا سَمِيْعَ الدُّعَاءِ

اے قریب! اے قبول فرمانے والے! اے دعا سننے والے!

يَا لَطِيفًا بِمَا يَشَاءُ نَوِّرِ اللّٰهُمَّ عَلَيْنَا

اے جس پر چاہے لطف فرمانے والے! اے اللہ! ہم پر روشن فرما دے

قُلُوْبَنَا وَقُبُوْرَنَا وَاَبْصَارَنَا

ہمارے دل ہماری قبریں اور ہماری آنکھیں،

وَبَصَائِرَنَا بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ يَآ اَرْحَمَ

اور اپنی رحمت سے ہماری بصیرتوں کو اے سب سے زیادہ

الرّٰحِمِيْنَ ○

رحم فرمانے والے!

**فضیلت:۔** امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب مسالک الحنفا میں فرماتے ہیں کہ اس درود پاک کے متعلق علما فرماتے ہیں کہ یہ درود پاک آشوب چشم کے لیے انتہائی مفید ہے اور اس کی برکت سے نزع کی تکلیف آسان ہوجاتی ہے۔

# زیارت مصطفیٰ ﷺ کا عظیم نسخہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

...ہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

**اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ**

... ... سلام ہوں آپ پر اے اللہ کے رسول!

**اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا حَبِیۡبَ اللّٰہِ**

...ور سلام ہوں آپ پر اے اللہ کے ...

**فضیلت:۔** مولوی اشرف علی تھانوی کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ "کلیات امدادیہ" میں رقم طراز ہیں کہ جو شخص زیارت مصطفیٰ ﷺ کا شوق رکھتا ہو وہ بروز جمعرات بعد نماز عشاء سفید لباس اور سبز عمامہ پہنے، خوشبو لگائے اور قبلہ رخ ہو کر یہ (مذکورہ بالا) درود شریف پڑھے اور تصور کرے کہ مصطفیٰ کریم ﷺ اس کے سامنے موجود ہیں اور درود و سلام سن رہے ہیں۔

وآخر دعواهم أنِ
الحمد لله ربِّ العالمين